# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،گوجرانوالہ

055-3894599

ڈائری نمبر 462 رجسٹریشن

مورخہ 29-04-2026

**جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سرکاری و پرائیویٹ)**

**ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ**

**عنوان:۔ آن لائن رجسٹریشن/داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم (9th) تعلیمی سیشن 2028-2026ء**

پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین کے نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 25-04-2026 کی روشنی میں جماعت نہم (9th) کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے

1-تمام سرکاری ادارہ جات رجسٹریشن فیس سے مستثنیٰ ہیں البتہ پروسیسنگ فیس + سکالرشپ فیس + ڈویلپمنٹ فنڈ (500+150+200) مبلغ -/850 روپے فی امیدوار بورڈ کو ادا کرنے کے پابند ہونگے

2-تمام پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات رجسٹریشن فیس + پروسیسنگ فیس + سپورٹس فیس + سکالرشپ فیس + ڈویلپمنٹ فنڈ (1000+500+200+150+200) -/2050 روپے فی امیدوار بورڈ کو ادا کرنے کے پابند ہونگے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | اداروں میں داخلہ آن لائن ڈیٹا انٹری، فارورڈنگ لیٹر بمعہ چالان نمبر کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی تواریخ |
|---|---|---|
| i | سنگل فیس کے ساتھ آخری تاریخ | 25-04-2026 تا 08-06-2026 |
| ii | شق نمبر i کی تاریخ گزرنے کے بعد مبلغ -/600 روپے فی امیدوار لیٹ فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔ سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو فیس جمع کروانے کے پابند ہونگے۔) | 09-06-2026 تا 23-06-2026 |
| iii | رجسٹریشن فیس فی امیدوار | رجسٹریشن فیس + پروسیسنگ فیس + سپورٹس فیس + سکالرشپ فیس + ڈویلپمنٹ فنڈ<br>1000+500+200+150+200 = میزان -/2050 روپے |

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارہ کو آن لائن رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہوگی۔ آن لائن رجسٹریشن سے متعلقہ ضروری راہنمائی بورڈ ہذا کی ویب سائٹ (www.bisegrw.edu.pk) پر دستیاب ہے۔

## ﴿ہدایات﴾

**نوٹ: تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرپرسن کے اجلاس منعقدہ مورخہ 31-01-2026 کی شق نمبر 18 کے تحت بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ جماعت نہم کی رجسٹریشن کرتے وقت طلبہ/طالبات کی لائیو تصویر اور انگوٹھا بھی دی گئی ہدایات کے مطابق اپلوڈ کریں۔**

(1) ایسے تمام امیدواران جو پچھلے سالوں میں میٹرک کے امتحان میں شریک ہو چکے ہیں۔ دوبارہ جماعت نہم میں داخلہ کے لئے اہل نہ ہیں۔

(2) نہم کلاس کی آن لائن رجسٹریشن کرنے کے لئے امیدوار کا "ب" فارم نمبر اور والد/والدہ/سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر لازمی ہے۔ تاہم اگر کسی امیدوار کا "ب" فارم موجود نہیں ہے تو دفتر ہذا کے نوٹیفکیشن نمبر 14/16 مورخہ 16-03-2016 کی روشنی میں "ب" فارم نمبر کی بجائے سربراہ ادارہ اپنے CNIC نمبر کا اندراج کرے گا اور بعد میں "ب" فارم مہیا ہونے پر مجوزہ فیس کے ساتھ درستی کروائے گا۔ افغانی یا دوسرے ممالک کے طلباء و طالبات جو پاکستان میں زیر تعلیم ہیں ان کی رجسٹریشن کرتے وقت NON PAKISTANI فیڈ کیا جائے۔

(3) **کلاس نہم میں داخلہ کے لئے عمر کی حد:** تمام تعلیمی اداروں (سرکاری اور پرائیوٹ الحاق شدہ تعلیمی اداروں) کے لئے لازمی ہے کہ جماعت نہم کی آن لائن رجسٹریشن کے لئے امیدوار کی عمر یکم اگست 2026ء سے قبل 11 سال 2 ماہ ہونی چاہئے (امیدواران کی تاریخ پیدائش 31 مئی 2015 یا اس سے قبل کی ہونی چاہیے)

(4) **طلباء/طالبات کے Batches:** ادارہ میں داخل شدہ سائنس اور آرٹس کے تمام طلبا و طالبات کا BATCH بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے بنائیں اور فیس کا اصل بینک چالان بھی سائنس اور آرٹس میں علیحدہ سے ہی جمع کروانا ہوگا۔ مدھم و غیر واضح، نامکمل اور ہاتھ سے ترمیم شدہ پرنٹ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ رجسٹریشن ریٹرن کو بورڈ ویب سائیٹ پر آن لائن کرتے ہوئے طلبہ و طالبات کے کوائف بمطابق ریکارڈ درست طور پر انگلش کے بڑے حروف (CAPITAL WORDS) میں درج کریں۔

(5) **فارورڈنگ لیٹر کی مکمل ہارڈ کاپی دفتر میں بروقت جمع نہ کروانے کی صورت** میں مبلغ -/200 روپے یومیہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا یہ جرمانہ پورے ادارے کا فارورڈنگ لیٹر موصول نہ ہونے کی صورت میں واجب الادا ہوگا اور ایک طالبعلم کے فارورڈنگ لیٹر پر بھی لاگو ہوگا۔ رجسٹریشن فیس/جرمانہ کی رقوم ڈیٹا فیڈنگ سے قبل حبیب بینک بورڈ برانچ یا بورڈ سے منظور شدہ حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی شاخ/Easy Paisa/HBL Mobile App میں بحق بورڈ جمع کروانا ہونگی۔ رجسٹریشن فیس جو ایک مرتبہ بورڈ کے کھاتہ میں جمع ہو جائے گی وہ قابل واپسی نہیں ہوگی۔ اور چیک/ڈرافٹ کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔

جاری ہے....

(6) **<u>جماعت نہم، دہم میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کا این۔او۔سی (N.O.C) کی بنیاد پر داخلہ:۔</u>** ایسے طلباء وطالبات جو کسی دوسرے بورڈ سے نہم اور دہم کلاس میں زیر تعلیم کا مائیگریشن سرٹیفکیٹ (N.O.C) حاصل کر لیں تو وہ .N.O.C کی تاریخ اجراء سے لے کر 30 ایام کے اندر بورڈ سے الحاق شدہ کسی بھی ادارہ میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ مقررہ تاریخ کے بعد مبلغ-/500 روپے جرمانہ کے ساتھ 15 ایام کے اندر داخلہ کیا جاسکتا ہے۔ادارہ کے سربراہان ایسے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن/داخلہ مجوزہ رجسٹریشن فیس جمع کروا کر اپنے پورٹل پر 9th Registration کی مینو میں سے Other Board Feeding کی آپشن کا انتخاب کر کے امیدواران کا ڈیٹا فیڈ کریں۔ امیدواران کی اہلیت چیک کرنے کے بعد ادارہ جات کے پورٹل پر امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن فراہم کر دی جائے گی۔(تاہم ان کیسوں میں بھی عمر کا اطلاق درج بالا شق نمبر 3 کے مطابق ہوگا۔)

(7) **<u>سکول ٹو سکول مائیگریشن سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا طریقہ:</u>** جماعت نہم/دہم میں زیر تعلیم طلباء/طالبات ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے سلسلے میں دفتر ہذا سے اجازت نامہ حاصل کر کے مائیگریشن کروا سکتے ہیں جس کی فیس مبلغ-/3000 روپے جبکہ لوکل مائیگریشن فیس مبلغ-/4800 روپے مقرر ہے۔آن لائن مائیگریشن کی درخواست ادارہ جات اپنے پورٹل سے دیں گے۔واضح رہے کہ دفتر ہذا کی اجازت کے بغیر کی گئی مائیگریشن قابل قبول نہ ہوگی۔مائیگریشن امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ ڈبل فیس شیڈول تک کی جائے گی۔امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ ڈبل فیس شیڈول کے بعد ہرگز مائیگریشن سرٹیفکیٹ/.N.O.C جاری نہیں کیا جائیگا امتحان دینے کے بعد جماعت نہم کے پاس یا فیل ہونے والے طلباء وطالبات جو سکول تبدیل کرنا چاہتے ہوں وہ سکول ٹو سکول مائیگریشن کروا سکتے ہیں۔

i(8)۔ **<u>فارورڈنگ لیٹر میں درستی کا طریقہ کار:</u>**

**درج ذیل تمام درستیاں صرف ONLINE اپلائی کی جائیں۔دستی موصول شدہ درخواست پر عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔منسوخی رجسٹریشن بھی ادارہ جات اپنے پورٹل سے آن لائن اپلائی کریں**

| | |
|---|---|
| درستی/تبدیلی کوائف (نام/ولدیت/تاریخ پیدائش/تصویر/ب فارم/والد شناختی کارڈ نمبر) کی آخری تاریخ | **31-10-2026 :** |
| مروجہ فیس برائے درستی/تبدیلی کوائف | **: مبلغ-/750 روپے (فی غلطی/درستی)** |
| خصوصی فیس کے ساتھ کوائف میں درستی/تبدیلی کی آخری تاریخ | **: 01-11-2026 سے امتحان شروع ہونے تک** |
| خصوصی فیس برائے درستی/تبدیلی | **: -/1250 روپے (فی غلطی/درستی)** |

ii۔ **شیڈول تبدیلی مضمون/مضامین اور گروپ**

| | |
|---|---|
| تبدیلی مضمون/مضامین اور گروپ کی آخری تاریخ | **31-10-2026 :** |
| مروجہ فیس برائے تبدیلی فی مضمون | **: مبلغ-/2400 روپے/تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ-/2200 روپے** |
| خصوصی فیس کے ساتھ آخری تاریخ | **: 01-11-2026 سے امتحان شروع ہونے تک** |
| خصوصی فیس تبدیلی فی مضمون | **: مبلغ-/2900 روپے/تبدیلی گروپ کی خصوصی فیس مبلغ-/2700 روپے** |

امتحان شروع ہونے کے بعد اور رزلٹ شائع ہونے سے قبل تک مبلغ-/1250 روپے کی خصوصی فیس کی ادائیگی کے بعد کوائف (نام/ولدیت/تاریخ پیدائش/ب فارم/والد شناختی کارڈ نمبر) میں مطلوبہ درستی/تبدیلی ہو سکے گی۔

**<u>فارورڈنگ لیٹر جمع کروانے کا طریقہ کار:</u> ادارے جماعت نہم میں داخل شدہ اُمیدواران کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے کے بعد فیس کا بنک چالان ڈاؤن لوڈ کریں گے اور مجوزہ فیس کا بنک چالان بنک/Jazzcash/Easypaisa/1Bill کے ذریعے جمع کروانا ہوگا۔اس کے بعد بیچ بنایا جاسکے گا پھر ادا شدہ بنک چالان اور فارورڈنگ لیٹر کی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی بذریعہ کوریئر ارسال کریں گے۔یا بالمشافہ دفتر کی OWO برانچ میں دستی جمع کروائیں گے۔**

**﴿نوٹ:﴾** (i) سربراہان ادارہ جات رجسٹریشن ریٹرن کے ہر صفحہ پر اس امر کا سرٹیفکیٹ دیں کہ اُمیدواران کے کوائف کا اندراج "ب" فارم کے مطابق کیا گیا ہے۔

(ii) درج بالا رجسٹریشن عمل مکمل کرنے کے بعد فیس کا بنک چالان ڈاؤن لوڈ کرنا ہوگا پھر اس کو جمع کروانے کے بعد بیچ بنایا جاسکے گا۔

(iii) رجسٹریشن کے متعلقہ تمام دستاویزات PDF/ہارڈ کاپی کی شکل میں ادارہ جات کے پاس محفوظ رہیں گے (کٹ لسٹ، ریوینو لسٹ، فیس چالان، فارورڈنگ لیٹر) اور بوقت ضرورت دفتر ہذا کو فراہم کریں گے۔

**مزید معلومات کیلئے رجسٹریشن (آن لائن) برانچ ٹیلی فون نمبرز: 055-3894599 اور 755-055-9200754 ایکسٹینشن 120 پر رابطہ کریں۔**

**<u>کاپی برائے اطلاع:</u>**

۱۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی (گوجرانوالہ، حافظ آباد، گجرات، منڈی بہاؤالدین، سیالکوٹ اور نارووال)

۲۔ جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں وکشمیر بورڈ)

۳۔ جملہ سربراہان ادارہ جات ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

۴۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ (25 کاپیاں) برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات

۵۔ جناب پی آر او بورڈ ہذا ۶۔ جملہ برانچ افسران بورڈ ہذا ۷۔ جملہ سپرنٹنڈنٹ صاحبان بورڈ ہذا ۸۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

**(پروفیسر رشید احمد بھٹی)**

سیکرٹری